سوال

(38) کیا ہمارا مذہب عقل پر مبنی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ہمارا مذہب عقل پر مبنی ہے کیا دیگر مذاہب کی تردید ہم عقل سے کر سکتے ہیں؟ جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عقل، نقل دونوں پر مبنی ہے۔ کیونکہ پیغمبر کو پیغمبر معلوم کرنا عقل سے ہوتا ہے اس کے بعد جو کچھ پیغمبر کہے وہ ماننا پڑتا ہے۔ اور دیگر مذاہب کی تردید بھی عقل، نقل دونوں سے کی جاتی ہے۔ جیسے روح مادہ قدیم نہیں عالم حادث ہے۔ اس قسم کے مسائل کو ہم عموماً عقلی دلائل سے ثابت کرتے ہیں اور شیعہ وغیرہ کی تردید اکثر نقلی دلائل سے کرتے ہیں جیسے قرآن وحدیث۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص104

محدث فتویٰ